# 28-05-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......بی ار ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی اور وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس طلب کرتے ہوئے ریاست میں بیجوں کی قلت اور اس کی تقسیم کے مسائل کو حل کریں۔

...... بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے آج بھارتیہ راشٹرا سمیتی۔ بی ار ایس۔ کے قائدین کو فون ٹیاپنگ معاملے میں سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کے دور کو ایمرجنسی کے دور سے تعبیر کیا۔

......لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ جاریہ سترھویں لوک سبھا اپنے غیر معمولی کاموں کے لئے یاد رکھی جائے گی۔ اس لوک سبھا کے دوران خواتین تحفظات بل۔ طلاق ثلاثہ کی منسوخی۔ اور بھارت نیائے سنہیتا بل کی منظوری ہوئی۔

......ریاست تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا تین ڈگری سیلسیس اضافہ متوقع ہے۔

## KTR

بی ار ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی اور وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ فوری طور پر اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس طلب کرتے ہوئے ریاست میں بیجوں کی قلت اور اس کی تقسیم کے مسائل کو حل کریں۔ اپنے بیان میں کے ٹی راما راو نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر الزام لگاتے ہوئے کہا کہ وہ کسانوں کی پریشانیوں پر توجہ نہیں دے رہے ہیں اور صرف انتخابی مہم اور دہلی کے دوروں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ سیاست کو بالا طاق رکھ کر سب سے پہلے کسانوں کے مسائل کو حل کرنے پر توجہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ آج عادل آباد میں جس طریقے سے کسانوں پر لاٹھی چارج کا واقعہ پیش آیا ہے وہ انتہائی تکلیف دہ ہے۔ قطار میں بیج کے لئے انتظار کر رہے کسانوں پر جس طرح ظلم کیا گیا یہ واقعہ انتہائی افسوس ناک ہے جس کے لئے بی ار ایس کی جانب سے ریاستی سطح پر احتجاج کیا جائے اور حکومت کے خلاف تحریک چلائی جائے گی۔ انہوں نے اس واقعہ پر فوری طور پر حکومت کی جانب سے معافی نامہ جاری کرنے کا مطالبہ کیا۔ اس کے علاوہ اس واقعہ میں ملوث پولیس عہدیداروں پر بھی سخت ایکشن لینے کی اپیل کی۔ کے ٹی راما راو نے ریاستی حکومت پر کسانوں کے مسائل کو نظر انداز کرنے اور شدید زرعی بحران پیدا کرنے کا الزام لگایا ہے۔

## BANDI

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے کمار نے آج بھارتیہ راشٹرا سمیتی۔ بی ار ایس۔ کے قائدین کو فون ٹیاپنگ معاملے میں سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور ان کے دور کو ایمرجنسی کے دور سے تعبیر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راو نے جو کام کئے ہیں وہ جمہوریت کے خلاف اور دستور اور انسانی حقوق کی مکمل خلاف ورزی ہیں۔ اپنے سوشیل میڈیا ہینڈل ایکس پر انہوں نے سابق ڈی سی پی رادھا کشن راو جو فون ٹیاپنگ معاملے کے ایک اہم ملزم ہیں کے اقبال جرم کے بعد بی جے پی قائد نے کہا کہ

چندر شیکھر راؤ ایم ایل اے غیر قانونی کیس میں اپنے تحفظ کے لئے اس طرح کا کام کرنا چاہتے تھے اور اپنی دختر کو بچانے کے لئے وہ کوشش کررہے تھے۔ جو دہلی شراب پالیسی اسکام میں گرفتار ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ آخر کیوں کانگریس حکومت۔ بی آر ایس صدر چندر شیکھر راو کو گرفتار نہیں کررہی ہے اور اس معاملے کے اہم ملزم پربھاکر راؤ کو امریکہ سے ابھی تک واپس نہیں لایا گیا ہے۔

NIRANJAN

پردیش کانگریس کمیٹی (ٹی پی سی سی) کے نائب صدر نرنجن نے اپنے بیان میں کہا کہ سابق ڈی سی پی ٹاسک فورس رادھا کرشن راؤ نے پولیس کے سامنے یہ انکشاف کیا ہے کہ فون ٹیاپنگ سابق وزیر اعلی کے چندر شیکھر راؤ اور سابق وزیر ہریش راؤ کی ہدایت پر کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی ان کے افراد خاندان۔ بی جے پی کے کچھ قائدین اور ان کی پارٹی کے کچھ قائدین کے فون ٹیاپ کئے گئے تھے۔ حیدرآباد میں گاندھی بھون میں میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے نرنجن نے کہا کہ بی آر ایس اور بی جے پی نے پولیس اور انٹلیجنس ایجنسیوں کا غلط استعمال کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جس طریقے سے بی جے پی کی جانب سے سی بی آئی۔ اور ای ڈی کا استعمال کیا جارہا ہے اسی طرح بی آر ایس کی جانب سے ایس آئی بی۔ اور۔ ٹاسک فورس۔ کا استعمال کیا گیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کے کردار کی بھی اس پورے معاملے میں تحقیقات کی جانی چاہیے۔

BIRLA

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ جاریہ سترھویں لوک سبھا اپنے غیر معمولی کاموں کے لئے یاد رکھی جائے گی۔ اس لوک سبھا کے دوران خواتین تحفظات بل۔ طلاق ثلاثہ کی منسوخی۔ اور بھارت نیائے سنہیتا بل کی منظوری ہوئی۔ نئی دہلی میں آکاشوانی نیوز کے ساتھ خصوصی بات چیت میں برلا نے گذشتہ پانچ سال کے عہد کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ اس دوران مثبت تبدیلیاں لائی گئیں اور قوم کو آگے بڑھایا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سترھویں لوک سبھا میں ہوئے مباحث وکست بھارت۔ کے لئے 2047 تک روڈ میاپ کا کام انجام دیں گے۔ لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ پارلیمنٹ میں نومنتخبہ ممبران پارلیمنٹ کے استقبال کے لئے تیاریاں جاری ہیں۔ پارلیمنٹ کی نئی عمارت کے آغاز کا ایک سال مکمل ہونے کے موقع پر انہوں نے کہا کہ بہت ہی کم وقت میں اس عمارت کی تعمیر عمل میں آئی۔ اور اسے جدید سہولیات اور نئی ٹکنالوجی کے ساتھ آراستہ کیا گیا۔

BOMB SQUADS

حیدرآباد میں واقع مہاتما جیوتی با پھولے تلنگانہ پرجا بھون میں بم رکھے جانے کی اطلاع سے سنسنی پھیل گئی۔ انجان شخص نے پولیس کنٹرول روم کو فون کرکے اس بات کی اطلاع دی جس کے ساتھی پولیس اور بم ڈسپوزل پوزل اسکواڈ کا عملہ چوکس ہوگیا اور انہوں نے وہاں جامع تلاشی لی اور یہ اطلاع غلط ثابت ہوئی۔ اس واقعہ پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے پنجہ گٹہ انسپکٹر بھنڈاری شوبھان نے کہا کہ روزانہ مسائل کی یکسوئی کے لیئے کئی افراد پرجا بھون آتے ہیں انہیں اندر جانے کی اجازت دی جارہی ہے، اس دوران بم رکھے جانے کے فون کال سے تمام خوفزدہ ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں کسی پر شک نہیں ہے تاہم پولیس نے اس معاملہ میں کیس درج کرکے تحقیقات بھی شروع کردی

ہے۔ پولیس فون کرنے والے کی تلاش کررہی ہے۔

## TEXT BOOKS

اسکول ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ نے اب تک جملہ درسی کتابوں کا 80 فیصد حصہ اضلاع کو روانہ کردیا ہے۔ جہاں سے ریاست کے مختلف منڈلس اور گاوں کے اسکولوں کو یہ کتابیں فراہم کی جائیں گی۔ تعلیمی سال 25-2024 کے لئے 1.90 کروڑ نئی درسی کتابیں مفت تقسیم کئے لئے مطلوب تھیں۔ سرکاری عہدیداروں کے مطابق دولسانی درسی کتب کی تقسیم کا مرحلہ دوحصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں تقریباً 1.43 کروڑ کتابیں کل تک 33 اضلاع کو بھیجائی جاچکی ہیں۔ بقایہ کتابیں اس مہینے کے آخر تک پہونچائی جائیں گی۔ ڈائریکٹر گورنمنٹ ٹیکسٹ بکس پریس۔ سرینواساچاری نے کہا کہ دوسرے مرحلے کی تقسیم کا آغاز اگست میں شروع ہوگا۔

## TRIBUTES

اداکار سے سیاستداں بننے والی شخصیت ،تلگودیشم پارٹی کے بانی اور متحدہ ریاست آندھراپردیش کے سابق وزیراعلی این ٹی راما راؤ کی 101 یویں یوم پیدائش کے موقع پرانہیں بھرپورخراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہیں یادکیا گیا۔آج صبح این ٹی آر کے ارکان خاندان بشمول فلم ایکٹر بالاکرشنا۔سابق مرکزی وزیراورآندھراپردیش بی جے پی صدرڈی پورندریشوری۔فلمی اداکار جونیئر این ٹی آر۔کلیان رام۔ نے ٹینک بینڈ پراین ٹی آرگھاٹ پہونچ کراین ٹی راما راوکوخراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے بی جے پی قائد پورندریشوری نے کہا کہ این ٹی آر ایک شخصیت ہی نہیں بلکہ اس سے آگے بڑھ کرایک احساس کا نام ہے۔انہوں نے کہا کہ این ٹی آر نے زائداز 320 فلموں میں کام کیا اور تلگوعوام کے دلوں میں اپنے لئے خاص جگہ بنائی۔اس دوران تلگوعوام نے آج این ٹی راماراو کی یوم پیدائش کے موقع پرانہیں یادکرتے ہوئے بھرپورخراج پیش کیا۔

## WEATHER

ریاست تلنگانہ میں آئندہ تین دنوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت دوتا تین ڈگری مزید بڑھ سکتا ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی رپورٹ میں آج کہا کہ ریاست میں آئندہ چاردنوں تک موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔اس کے علاوہ ریاست کے مختلف مقامات پرہلکی سے اوسط درجہ کی گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یا دومقامات پر بارش ہوئی ہے۔اعظم ترین درجہ حرارت 43.8 ڈگری سیلسیس گذشتہ کل عادل آباد میں ریکارڈ کیا گیا۔

## ARREST

ایک بڑے کریک ڈاون میں آج میڈی پلی پولیس نے بین ریاستی بچہ فروخت کرنے والے ریاکٹ کو بے نقاب کرتے ہوئے 11 بچوں کو بچالیا اوراس معاملے میں 11 لوگوں کوگرفتار کیا ہے۔جبکہ تین ملزمین مفرور بتائے گئے ہیں۔سائی کمار نامی شخص کی جانب سے پولیس میں شکایت درج کرانے کے بعد پولیس نے فوری طور پرردعمل ظاہر کرتے ہوئے یہ کریک ڈاون کیا اوران لوگوں کوگرفتار کیا۔اس معاملے میں مزید تحقیقات جاری ہیں۔

VIRASAT RASOOL KHAN

کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کے سابق رکن اسمبلی وراثت رسول خان کا انتقال ہوگیا۔ وہ سابق میں حلقہ اسمبلی نامپلی سے مجلس کی نمائندگی کیا کرتے تھے۔ مرحوم سال 2009 کے اسمبلی انتخابات میں نامپلی حلقہ سے مجلس کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے تھے۔ انھوں نے اپنی سیاسی کیریئر کا آغاز مجلس کے کارپوریٹر کے طور پر کیا تھا اوراس کے بعد اسمبلی کے لئے منتخب ہوئے۔ وارثت رسول خان کی نماز جنازہ آج شام بروز منگل 28 مئی کو بعد نماز مغرب مسجد عالمگیر شانتی میں ادا کی جائے گی۔ مرحوم سابق رکن اسمبلی و ماہر تعلیم شاداں گروپ آف انسٹی ٹیوشن کے بانی وزارت رسول خان مرحوم کے چھوٹے بھائی تھے۔ مجلسی قائدین اور کارکنوں نے وارثت رسول خان کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے حق میں دعائے مغفرت کی اوران کے ارکان خاندان کو پرسہ دیا۔

MAN HOLES

آئندایک ہفتے کے وقت میں حیدرآباد کے تمام مین ہولس کو گرل سے ڈھانکا جائے گا۔ اس کے علاوہ سڑکوں پر موجود مین ہولس کو لال رنگ کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ خطرے والے مقامات پر لال جھنڈی لگائی جائے گی۔ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن جی ایچ ایم سی کے مطابق 5767 کلومیٹرس پر محیط سیوریج نیٹ ورک میں تقریباً 6.35 لاکھ مین ہولس بشمول 63 ہزار 221 گہرے مین ہولس ہیں۔ حیدرآباد میٹرو پالٹین واٹر سپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر سدرشن ریڈی نے کہا کہ عوام کے تحفظ کے پیش نظر مین ہولس پر گرل والے ڈھکن لگانے کا کام کیا جارہا ہے۔ اور یہ کام شہر میں جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔